طباعت اعلیٰ قیمت مجلد عہ غیر مجلد عہ ملنے کا پتہ:۔ اقبال اکیڈیمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور۔

اس کتاب میں چالیس ایسی نظمیں اور قطعات ہیں جو اُردو زبان کے مختلف شاعروں اور شاعرات نے اقبال مرحوم کی وفات سے متاثر ہو کر کہے تھے۔ یہ صرف حصۂ اوّل ہے۔ شروع میں محمد حسنین صاحب سید بی اے کے قلم سے دس صفحوں پر اقبال مرحوم کی لائف پر ایک مضمون ہے۔ پھر ذوق و شوق کے عنوان سے خود لائق مرتب کی ایک طویل نظم ہے اور اس کے بعد دوسرے حضرات کے نتائج افکار ہیں۔ اقبال مرحوم کی وفات پر اُردو اخباروں اور رسالوں میں بہت کثرت سے نظمیں شائع ہوئی تھیں لیکن نگار صاحب نے اپنے ذوق شعری کے لحاظ سے ان کا انتخاب کیا ہے جو اُن کی قوت انتخاب کی صحت پر دلالت کرتا ہے۔ اُمید ہے اقبال مرحوم کے عقید تمند اس کی قدر کرینگے۔

آزاد حیدرآباد | از مرزا مظفر بیگ صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۱۲ر ملنے کا پتہ: مکتبۂ ابراہیمیہ۔ حیدرآباد (دکن)۔

حیدرآباد دکن کے مسلمانوں میں چند سالوں سے اپنی ریاست کی آزادی و ترقی کے لیے جو سیاسی احساس و شعور پیدا ہو گیا ہے "آزاد حیدرآباد" اُسی تحریک اور اسی احساس کا ثمرہ ہے۔ مرزا مظفر بیگ صاحب نے اس کتاب میں ایسے تیرہ مفید اور پراز معلومات مقالات جمع کر دیے ہیں جو حیدرآباد دکن سے متعلق ریاست یا غیر ریاست کے اخباروں میں شائع ہو چکے ہیں۔ ان مضامین میں "حیدرآباد دکن کی آئینی حیثیت معاہدات کی روشنی میں" "حیدرآباد اور تعلقات خارجہ" اُس کی سیاسی، ملکی، اقتصادی اور انتظامی ترقیاں، وغیرہ وغیرہ پر تشفی بخش بحث کی گئی ہے۔

ان مضامین کے شروع میں سرکار نظام میر عثمان علی خاں کی وہ تقریر ہے جو اعلیحضرت نے دو صد سالہ جشن خود مختاری کے موقع پر کی تھی اور جس میں اجمالاً ریاست حیدرآباد کے استقلال و خود مختاری کی تاریخ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخر میں نواب بہادر یار جنگ کی وہ ۶ ضد اشت ہے جو اُنھوں نے مجلس اتحاد المسلمین کی طرف